K

1

2

3

4

5

6

7

8

عظیم توقعات

آپ کے بچے کے مستقبل میں
شراکت داری کے لئے

Department of Education

Joel I. Klein, Chancellor

عظیم اسکولوں کا آغاز عظیم توقعات سے ہوتا ہے

علمیت کے معیارات ان بنیادوں کی وضاحت کرتے ہیں کہ طلبا کو ہر گریڈ میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے۔ یہ معیارات یقینی بناتے ہیں کہ تمام بچے اگلے گریڈ میں آگے بڑھنے اور بعد میں کالج میں کامیابی حاصل کرنے، کمائی کرنے اور اپنی برادریوں کے کارآمد اراکین بننے کے لئے تیار ہیں۔ بچوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو انھیں ایک ایسی دنیا سے بہتر طور پر وابستہ کرے گی جہاں اہم معلومات تیزی سے تبدیل ہوتی اور ابھرتی ہیں۔

اس مسابقتی عالمی معیشت میں کام کی تلاش اور تیزی سے تبدیل ہوتی دنیا میں فرائض کی انجام دہی کے لئے ہمارے بچوں کو پہلے سے کہیں زیادہ جاننے کی ضرورت ہو گی۔ یہ حقیقت ان اسناد یافتگان کے لئے ہے جو چار سالہ کالجز میں داخلہ لینے کا منصوبہ بناتے ہیں؛ اور ان طلبا کے لئے بھی یہ ایک حقیقت ہے جو ہائی اسکول کے بعد ہی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں۔

نیویارک ریاست کے جو معیارات ہم استعمال کرتے ہیں ہمارے طلبا کو ایسا محنت طلب نصاب فراہم کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں جو اس امر کو یقینی بنائے کہ ان میں تخلیقی، تنقیدی فکری مہارتیں اور مسائل سلجھانے کی قابلیت پیدا ہو جس کی انھیں جدید دنیا کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے ضرورت ہوگی۔ مگر معیارات محض نقطۂ آغاز ہیں، منزل نہیں۔ ہمارے طلبا علم کی مضبوط بنیاد کی تکمیل اور تعمیر کے ذریعے اپنی تعلیم سے بہترین مفاد حاصل کریں گے۔

یہاں آپ کو کچھ مثالیں ملیں گی کہ تعلیمی سال کے اختتام تک پہلے گریڈ کے طلبا کو فنونِ زبان، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے۔ آپ کو ایسے بھی طریقے ملیں گے جن کے ذریعے آپ بحیثیت خاندان کے تدریس کی اعانت کرسکتے ہیں، بشمول ایسی چیزیں جو آپ گھر پر، اپنے گردونواح اور ہمارے عظیم شہر کے اطراف میں کر سکتے ہیں۔

یہ گائیڈ پہلے گریڈ کے لئے معیارات کے صرف چند نمونے فراہم کرتی ہے۔ دیگر معیارات کا کیا ہو گا؟ آپ کے بچے کو پہلا گریڈ شروع کرنے سے پہلے کیا سیکھ لینا چاہیے تھا؟ وہ دوسرے اور اس سے اگلے گریڈز میں کیا سیکھے گا؟ آپ ان تمام سوالات کے جوابات اپنے بچے کے استاد سے پوچھ سکتے ہیں یا ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر تلاش کر سکتے ہیں۔

مطالعے کی عمدہ عادات

اپنے بچے میں مطالعے کی اچھی عادات کے فروغ میں معاونت کے لئے:

- ❑ ہوم ورک کرنے کے لئے گھر میں ایک آرام دہ جگہ مقرر کریں۔
- ❑ اپنے بچے کو منظم ہونے میں مدد دیں۔
- ❑ ہوم ورک کا ایک باقاعدہ وقت مقرر کریں۔
- ❑ اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ اپنے استاد کی ہوم ورک پالیسیز جانتا ہے۔

www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

معذوری کے حامل طلبا:

تاوقتیکہ طلبا کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں کسی اور طرح بیان کیا گیا ہو، معذوری کے حامل طلبا عمومی تعلیمی نصاب میں شریک ہوں گے جس میں مختلف تدریسی سطوح اور مختلف ماحول کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے (جیسے کہ باہمی ٹیم تدریس یا خصوصی تعلیم کی خود مختار کلاسیں)۔ موافقت میں تدریسی امداد جیسے کہ کیلکولیٹرز اور بصری آلات کا استعمال، نئی مہارتیں سیکھنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی، اور معذوری کے حامل طلبا کے معیارات کی تکمیل میں مدد کے لئے اسائنمنٹس کی طوالت میں کمی وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔

اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھئیے

علمی معیارات آپ کو اساتذہ سے اس بارے میں بات کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور آپ گھر پر اس تعلیم میں کس طرح معاونت کر سکتے ہیں- ذیل میں چند سوالات ہیں جو آپ پوچھ سکتے ہیں-

کسی معیار کے بارے میں مزید جاننا:

- ❑ کیا آپ مجھے طالب علم کے کام کے ایسے نمونے دکھا سکتے ہیں جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں؟
- ❑ کیا میں اس معیار سے متعلق اپنے بچے کے کام کے کچھ نمونے دیکھ سکتا ہوں؟
- ❑ تعلیمی سال کے دوران میرا بچہ اس معیار پر کب کام کرے گا؟
- ❑ اس معیار کی تکمیل یا اضافہ کے لئے آپ کون سی سرگرمیاں اور سامان استعمال کرتے ہیں؟ آپ کیا کلاس ورک اور ہوم ورک دینے کی توقع کرتے ہیں؟
- ❑ وہ کون سی مشقیں ہیں جو میں اس معیار کی معاونت کے لئے اپنے بچے کے ساتھ کر سکتا ہوں؟
- ❑ اس رہنمائی کتابچہ میں دئیے گئے معیارات کے علاوہ اس سال میرے بچے کے لئے مزید کیا سیکھنا متوقع ہے؟

یہ جاننا کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے:

- ❑ میرا بچہ کن مضامین میں گریڈ کی سطح پر کام کر رہا ہے؟ کیا کوئی ایسے مضامین ہیں جس میں میرے بچے کو بہتری کی ضرورت ہے؟
- ❑ کیا میرا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے؟ کیا آپ مجھے چند کتابیں دکھا سکتے ہیں جو میرا بچہ پڑھ سکتا ہے؟
- ❑ میرا بچہ ہر روز ہر مضمون پر کام کرنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہے؟
- ❑ آپ دورانِ سال میرے بچے کی ان مضامین میں کس طرح تشخیص کرتے ہیں

یہ جاننا کہ اپنے بچے کی معاونت کس طرح کریں:

- ❑ رپورٹ کارڈز کے علاوہ وہ کون سے بہترین طریقے ہیں جن سے اس بارے میں کہ میرا بچہ کیسا کام کر رہا ہے تابہ امروز رہا جا سکتا ہے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق نہیں ہے: اسکول میرے بچے کو کیا امداد پیش کرنے کے قابل ہے؟ میں اپنے بچے کے ساتھ گھر پر کیا کر سکتا ہوں جس سے میرے بچے کو اسکول میں بہتر کام کرنے میں مدد ملے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق یا اس سے بالا تر ہے: آپ میرے بچے کی اضافی تعلیمی تقویت اور معاونت کے لئے کیا تجویزکرتے ہیں؟ میں گھر پر کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

1

فنونِ زبان

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- اپنی گریڈ کی سطح کے الفاظ کی رمز کشائی کے لئے ماخذ الفاظ، مرکب الفاظ، سابقے، لاحقے اور جمع کے صیغے کے علم کو استعمال کرسکیں۔
- عام الفاظ کے خاندان ("sat","cat,""mat" وغیرہ) کا مطالعہ کرسکیں۔
- گریڈ کی سطح کے متن کا مناسب رفتار، درستگی اور اظہار کے ساتھ مطالعہ کرسکیں۔
- اپنے گریڈ کی سطح کے نئے ذخیرہ الفاظ سیکھنے کے لئے متضادات، مترادفات اور ہم آواز الفاظ اور ساتھ ہی الفاظ کی اقسام کا مطالعہ کر سکیں (جیسے کہ جانوروں اور مقامات کے نام)
- جو کچھ انھوں نے پڑھا ہے اسے مختلف انداز میں لکھ سکیں: کرداروں، ماحول، یا واقعات کو بیان کر سکیں؛ کہانی کے واقعات کی فہرست ترتیب وار مرتب کرسکیں؛ جو الفاظ وہ جانتے ہیں انھیں استعمال کر کے کہانی دوبارہ سنا سکیں؛ کسی سادہ کہانی کے مسئلے اور اس کے حل کی شناخت کر سکیں۔
- عبارت کے اوقاف و رموز کو استعمال کر سکیں، جیسے کہ وقفے کی علامات، سوالیہ نشانات اور وقف کامل جو مطالعہ کے دوران جملوں کے مفہوم کے اظہار میں معاون ہوں۔ جیسے کہ کسی وقفِ کامل کا مطلب ہے رک جانا اور علامت فجائیہ کا مطلب ہے اضافی قوت سے پڑھنا۔
- اہم تفہیمات کو ذہن نشین کرنے کے لئے تصاویر بنانا یا لکھنا (یہ باتیں کہ انھوں نے موضوع کے بارے میں کیا سیکھا ہے، کسی تجربہ کے متعلق گفتگو کریں)۔
- جو کچھ انھوں نے پڑھا ہے اس کے مفہوم کو واضح کرنے کے لئے تفہیم عبارت کی حکمت عملیوں کا استعمال کر سکیں (مثلاً پیشن گوئی کرنا، تصدیق کرنا، دوبارہ پڑھنا، خود کار اصلاح، سوالات پوچھنا)
- گفت وشنید کے مقاصد (اطلاع دینے، لطف اندوز ہونے، وغیرہ) کے لیے، مختلف مقاصد کے لیے اور مختلف طرز بیان (رسمی اور غیر رسمی) میں بات چیت کر سکیں۔
- حرف کی آواز بشمول کنسوننٹ (Consonant) اور شارٹ اینڈ لانگ واویل (short and long vowels) سے مماثل آوازیں پہچان اور نکال سکیں، جیسے کہ "mat" میں "a" اور "mate" میں "a" کے فرق کو سمجھنا۔
- چھوٹے اور بڑے گروہی ماحول میں کہانیوں اور نفس مضمون یا عنوانات پر بحث کرنا۔

گھر پر تعلیم

اہلِ خانہ کی آبائی زبانوں اور انگریزی میں درجِ ذیل تدابیر استعمال میں لائی جاسکتی ہیں۔

جب آپ کا بچہ کتابوں کی کہانیوں یا ٹیلیوژن کے شوز پر اداکاری کرے تو آپ اپنے بچے کے دوستانہ سامعین بنیں۔ اس سے بات کریں کہ مختلف کردار کیسا محسوس کرتے ہیں یا انھیں اب مزید کیا کرنا چاہئیے۔

اپنے بچے کے ساتھ اونچی آواز میں پڑھئیے۔ بچے نیویارک پبلک لائبریری کی سائٹ بچوں کی "On-Lion" پر انگریزی، فرانسیسی، یا ہسپانوی زبانوں میں آن لائن کتابیں پڑھ اور سن بھی سکتے ہیں۔ ویب سائٹ .http://kids nypl.org پر جائیے اور "TumbleBooks" کا بٹن دبائیے۔

جو کتابیں آپ مل کر پڑھیں ان میں سے نئے الفاظ جمع کریں۔ جب آپ کو کوئی نیا لفظ ملے تو اپنے بچے سے کہیں کہ وہ اسے کسی چھوٹے کارڈ یا کاغذ کے ٹکڑے پر لکھے اور اسے ایسی جگہ رکھے کہ آپ دونوں اسے دیکھ سکیں۔ دیکھیں کہ آپ اس لفظ کو کتنی مرتبہ استعمال کر سکتے ہیں۔

اپنے اہل خانہ سے کہیں کہ وہ آپ کے بچے کو خطوط ارسال کریں اور اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ان کو جوابی خطوط لکھے۔

اپنے بچے کو ہر ہفتے مقامی لائبریری لے جائیں۔

ریاضی

گھر پر تعلیم

نشاندہی کریں کہ آپ کے اہل خانہ ہر روز ریاضی کا استعمال کس طرح کرتے ہیں- مثال کے طور پر جب آپ پزا یا کیک پیش کرتے ہیں تو بات کریں کہ ٹکڑے کس طرح کسی مکمل چیز کا جزو ہیں- اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ دیگر مثالوں پر توجہ دیں-

ہر روز دن کے ایک ہی وقت میں اپنے **گھر سے باہر کے درجہ حرارت کا تعین کرنے کے لئے تھرمامیٹر استعمال کریں** یا ویب یا اخبار میں روزانہ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت تلاش کریں- نتائج کو ریکارڈ کریں اور ان پر بات چیت کریں-

بورڈ گیمز کھیلیں-

مل کر بچوں کے آرٹ میوزیم میں آرٹ، رنگ، شکل اور ریاضی کے تعلق کی تفتیش کیجئیے- معلومات اور ہدایات کے لئے cmany.org ملاحظہ کیجئیے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- 100 تک اکائیوں میں (...1,2,3) اور دہائیوں میں (...10,20,30) میں گن سکیں- اور 50 تک پانچ کے گروہوں (...5,10,15) میں اور 20 تک دو کے گروہوں (...2,4,6) میں گن سکیں-
- 20 سے ایک تک الٹی گنتی کر سکیں (...20,19,18)-
- بنیادی دہائیوں کے نظام کی ابتدائی تفہیم حاصل کر سکیں:
  - 10 اکائیاں = 1 دہائی
  - 10 دہائیاں = 1 سو
- 100 تک اعداد لکھ سکیں-
- 10 تک کے مجموعے کے اعداد کو جمع کر سکیں-
- ریاضی کے کسی مسئلے یا مسائل سلجھانے کے عمل کی وضاحت کے لئے تصاویر یا خاکے استعمال کر سکیں- مثال کے طور پر یہ ظاہر کر سکیں کہ تین غبارے جمع چار غبارے جمع ایک غبارہ آٹھ غباروں کے برابر ہوتے ہیں-
- ایک ہندسے والے اعداد کی تفریق کر سکیں- مثال کے طور پر، 7-4=3
- جومیٹری کی اشکال اور ساختوں کو اپنے ماحول میں شناخت کرسکیں- مثال کے طور پر سڑک پر "Yield" کی علامت میں تکون کو شناخت کرنا-
- کسی جگہ یا چیز کی لمبائی کا تعین کرنے کے لئے ایسی اشیاء جیسے پیپر کلپس یا آپ کے بچے اپنا پیر استعمال کرسکیں- مثال کے طور پر کمرے کی ایک جانب سے دوسرے جانب تک قدموں کی تعداد شمار کرنا-
- حساب میں نمونوں کی شناخت کرنا (اعداد یا اشیاء استعمال کرتے ہوئے کسی دہرائے جانے والے نمونے میں اگلا نمونہ کیا ہوگا)- کسی سوال کے لئے ڈیٹا جمع اور محفوظ کرنا جیسے "آج کا درجہ حرارت کیا ہے؟"

سائنس

پہلے گریڈ کی سائنس میں حیواناتی تنوع، مادّے کی خصوصیات اور آب و ہوا اور موسموں میں تبدیلی پر تحقیق ہوتی ہے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ پانی کو اگر کسی کھلے ہوئے برتن میں چھوڑ دیا جائے تو وہ بخارات بن کر اڑ جاتا ہے- یہ سمجھ سکیں کہ پانی بحیثیت محلول جب ہوا میں حرکت کرتا ہے تو گیس میں تبدیل ہو جاتا ہے-
- یہ سمجھ سکیں کہ مادہ یا مادے جن اشیاء کو بناتے ہیں ان کی خصوصیات کا تعین کرتے ہیں جیسے کہ کیا وہ ڈوبے یا تیرے گا-
- ہر موسم میں ظاہر ہونے والی آب و ہوا کی کیفیات کا مشاہدہ اور وضاحت کرسکیں- مثال کے طور پر مشاہدہ کریں کہ برفباری عموماً صرف سردیوں ہی میں ہوتی ہے مگر بارش کسی بھی موسم میں ہو سکتی ہے-
- مختلف مقامات کے درجہ حرارت کا موازنہ کرسکیں- مثال کے طور پر گھر کے اندر اور باہر، دھوپ میں اور سائے میں-
- بیان کر سکیں کہ سورج دن میں کس طرح حرکت کرتا ہوا نظر آتا ہے-
- جان سکیں کہ ہر 24 گھنٹے دن اور رات کا ایک دورانیہ کا ہوتا ہے-
- یہ سمجھ سکیں کہ سورج کی توانائی ہوا کو گرم کرتی ہے-
- وضاحت کر سکیں کہ کسی جانور کے جسمانی خدو خال، جیسے کہ ژرافے کی لمبی گردن، کچھوے کا خول، یا برفانی ریچھ کی لمبی روئیں دار کھال جانوروں کو زندہ رہنے میں مدد دیتے ہیں-
- یہ جان سکیں کہ جاندار چیزوں کی کچھ خصوصیات وراثی ہیں، مثال کے طور پر جانور کے کتنے ہاتھ پیر ہوں گے-
- جو کچھ انھوں نے دیکھا ہے اسے بول کر یا تحریری طور پر بیان کر سکیں-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کے ساتھ "کیا یہ تیرے گا؟" کا کھیل کھیلیں- چھوٹی چھوٹی واٹر پروف (پانی روکنے والی) اشیاء جمع کریں جیسے ٹینس کی گیند، بلڈنگ بلاک، پنسل، اور ماربل- اپنے بچے سے ہر چیز کا معائنہ اور پیشین گوئی کرنے کے لئے کہیں کہ آیا یہ ڈوبے یا تیرے گا- پیشین گوئیوں کو ایک پانی سے بھرے ہوئے پیالے یا سنک میں ٹیسٹ کریں-

اپنے خاندان کے کسی نومولود بچے یا پالتو جانور کی تصاویر جمع کریں- کبھی کبھار ان تصاویر کا مل کر جائزہ لیں اور اپنے بچے سے کسی بھی تبدیلی پر بات کریں-

سینٹرل پارک چڑیا گھر کے **ٹش چلڈرن زو کی سیر کریں** یا nyzoosandaquarium.com ویب سائٹ پر نیویارک شہر کے چڑیا گھروں کی تصاویر تلاش کریں- یہ بتائیں کہ چڑیا گھر کس طرح اس امر کو یقینی بناتے ہیں کہ مختلف ماحول سے تعلق رکھنے والے جانوروں کو وہ سب ملے جس کی انھیں اس آب وہوا میں زندہ رہنے کے لئے ضرورت ہے-

اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ ان سائنسی مشاہدات کے بارے میں اہل خانہ کو بتائیں جو آپ مل کر کرتے ہیں- اپنے بچے کی معلومات کو لکھنے اور منظم کرنے، خاکے اور تصاویر بنانے، اور خاندان ساتھ مشاہدات کے بارے میں گفتگو کرنے میں مدد دیں-

معاشرتی علوم

پہلے گریڈ کی معاشرتی علوم میں طلبا خاندانوں کے تصورات بشمول طلبا کے اپنے خاندان، اب اور بہت پہلے، کے نظریہ کی تحقیق کرتے ہیں-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- جان سکیں خاندانوں کی اپنی تاریخیں ہوتی ہے-
- نقد رقم کے افعال سمجھ سکیں (اور یہ کہ لوگ نقد رقم کے بارے میں فیصلے کرتے ہیں) اور یہ کس طرح ہماری ضروریات اور خواہشات کو پورا کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے-
- یہ جان سکیں کہ قوانین حکومتوں کے ذریعے بنائے اور تبدیل کئے جا سکتے ہیں-
- معاشرتی علوم کے کسی موضوع کے بارے میں معلومات تحریر یا مباحثے کے ذریعے بانٹ سکیں-
- تاریخ، جغرافیہ اور مشہور لوگوں سے وابستہ افسانوی اور غیر افسانوی کتابیں پڑھ اور سن سکیں-
- ان لوگوں اور واقعات کے بارے میں جان سکیں جو ان کی برادری کی تاریخ میں اہم تھے-
- محتلف ثقافتی روایات کو دکھانے کے لئے پینٹنگز یا خاکے بنا سکیں، جیسے کہ خاندانی تہوار کی تقریب-
- خود اپنی خاندانی تاریخ کی تحقیق اور شناخت کر سکیں- مثال کے طور پر یہ جان سکیں کہ ان کے والدین یا آبا و اجداد، والدین کے بہن یا بھائی پہلی مرتبہ نیویارک کیوں اور کیسے آئے-
- مانوس مقامات یا جگہوں (سونے کا کمرہ، کلاس رومز، اسکول اور گردونواح) کے سادے نقشے یہ دکھانے کے لئے بنا سکیں کہ ڈیسک، کتابوں کی الماری، اور دیگر اشیاء کہاں ہیں-
- یہ سمجھ سکیں کہ امریکی جھنڈا ریاستہائے متحدہ کی ایک علامت ہے-
- اپنے کلاس روم، اسکول اور برادری کے لئے قوانین سمجھنے اور ان پر عمل درآمد میں مدد کرسکیں-

گھر پر تعلیم

خاندانی تاریخ کا ایک ڈبہ بنائیں- اپنے بچے کی تصاویر، اخباروں کے تراشے، خطوط، نقشے، اور دیگر اشیاء جمع کرنے میں معاونت کریں- اس میں اپنے خاندان سے متعلق حقائق شامل کریں جیسے خاندان کے دیگر افراد اب کہاں رہتے ہیں-

سیسمی ورکشاپ (Sesame Workshop) کی تخلیق کردہ 4-7 سال کی عمر کے بچوں کی متعامل، آن لائن عالمگیر برادری **پینواپا** **www.panwapa.com ملاحظہ کریں-** یہ سائٹ مپٹ کیرکٹرز کے نئے کرداروں پر مشتمل ہے جو بچوں کو اپنی دنیا اور برادری کے شہری بننے میں مدد دیتے ہیں-

اپنے بچے کو کسی دوسرے ملک کی کھانا پکانے کی ترکیب تلاش اور تیار کرنے دیں، جیسے کہ کیوبا کا پیکاڈیلا (گائے کا قیمہ اور زیتون)، پورٹو ریکو کا موفونگوس (پلانٹین بالز) یا اروز کان آبیچیولاز (چاول اور پھلیاں)، یا روس کی پیروگی (ڈمپلنگز)-

ہر مہینے نیویارک شہر کی **متعدد میں سے کسی ایک تاریخی ادارے، میوزیمز اوربچوں کے میوزیمز کا دورہ کریں-**

مزید ضروری معلومات اور مہارتیں

ہمارے پہلے گریڈ کے طلبا پڑھنے، لکھنے، ریاضی کا کام کرنے سے کہیں زیادہ سیکھ رہے ہیں، اور سائنس اور معاشرتی علوم کے بنیادی تصورات کو سمجھتے ہیں-

- **فنون لطیفہ:** پہلے گریڈ کے طلبا بصری فنون، رقص، موسیقی اور تھیٹر میں حصہ لیتے ہیں- وہ سادے نغمے گانے اور آلات موسیقی کے استعمال سے سروں کی جستجو کرتے ہیں؛ اپنے جسموں کی تخلیقی حرکات کے ذریعے نمونے اور اشکال کی کھوج لگاتے ہیں؛ مختلف آلات اور مواد کے استعمال سے بصری فن تخلیق کرتے ہیں، ڈرامائی کھیلوں، کہانیوں، اور پتلوں (پپٹس) کے ذریعے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہیں- تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **تندرستی اور صحت:** طلبا جسمانی طور پُرفعال رہنے کے متعدد موقعوں میں مشغول رہتے ہیں، صحت مندانہ فیصلے لینا سیکھتے ہیں، ایک صحت مند طرز زندگی اپناتے ہیں اور تندرستی کی مختلف روایتی اور غیر روایتی سرگرمیوں کا تجربہ کرتے ہیں- تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **لائبریری اور تحقیق:** طلبا مطالعہ اور تحقیق کی مہارتوں کا حصول جاری رکھتے ہیں- سال کے آخر تک طلبا اس قابل ہو جائیں گے کہ کسی موضوع کے بارے میں وہ جو کچھ جانتے ہیں اسے بانٹ سکیں، حقائق کو سمجھ سکیں، سوالات کا جواب دینے کے لئے حقائق تلاش کر سکیں، کسی کہانی کے مرکزی خیال کی نشاندہی کر سکیں اور افسانوی اور غیر افسانوی کتابوں کے مطالعہ سے لطف اندوز ہو سکیں- تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **ٹیکنالوجی:** پہلے گریڈ کے طلبا مختلف وسائل جیسے کہ ورڈ پروسیسرز کا استعمال کر کے مواد کو مرتب، تبدیل اور اپنے تخلیق کردہ ذرائع کو محفوظ کرتے ہیں- طلبا ذرائع ابلاغ کو تشکیل دینے کے طریقے سیکھتے ہیں (جیسے کہ متن، کلپ آرٹ، اور نیوزلیٹرز) اور اسے اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ بات کرنے اور خیالات بانٹنے کے لئے استعمال کرتے ہیں- اساتذہ ویب کے ذرائع کے محفوظ اور قابل قبول استعمال کے نمونے پیش کرتے رہتے ہیں- تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

مزید جانئیے

یہ رہنمائی کتابچہ آپ کو ان متعدد معیارات کا سرسری جائزہ فراہم کرتا ہے جو آپ کا بچہ اس سال سیکھے گا- آپ ہماری تعلیم وتدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر گریڈز K-8 تک کے رہنمائی کتابچے، اسکے علاوہ تمام مضامین اور تمام گریڈز کے مکمل معیارات کی نقول کو ملاحظ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں-

شعبہ برائے تعلیم و تدریس اور دفتر برائے خاندانی شمولیت اور حمایت (OFEA) آپکے بچے کی تعلیم کے بارے میں اور ان خیالات کے بارے میں دیگر معلومات پیش کرتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں، دونوں گھر پر اور اپنے بچے کے اسکول میں- مزید معلومات کے لیے تعلیم و تدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics اور OFEA کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/OFEA ملاحظ کیجئیے- آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا OFEA کے ساتھ 2323-374 (212) یا ofea@schools.nyc.gov پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں- علاوہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ شہر کے دیگر ثقافتی اور تاریخی اداروں کی سیر کے لئے 311 پر فون کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں-

DIAL 311

T&I-7924 1st (Urdu)

NYC Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor